# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR AND NARCOTICS CONTROL ON THE CRIMINAL LAW (AMENDMENT) BILL, 2026

I, Chairman of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control, have the honour to present this report on the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and Code of Criminal Procedure (1898) [The Criminal Law (Amendment) Bill, 2026] (Government Bill), referred to the Committee on 30th March, 2026.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| 1. | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| 2. | Mr. Anjum Aqeel Khan | Member |
| 3. | Chaudhary Naseer Ahmed Abbas | Member |
| 4. | Syeda Nosheen Iftikhar | Member |
| 5. | Malik Shakir Bashir Awan | Member |
| 6. | Ch. Muhammad Shahbaz Babar | Member |
| 7. | Haji Jamal Shah Kakar | Member |
| 8. | Syed Rafiullah | Member |
| 9. | Sardar Nabeel Ahmed Gabol | Member |
| 10. | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| 11. | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| 12. | Khawaja Izhar Ul Hassan | Member |
| 13. | Ms. Rana Ansar | Member |
| 14. | Mr. Muhammad Ijaz -Ul- Haq | Member |
| 15. | Mr. Hussain Ellahi | Member |
| 16. | Mr. Shehryar Khan Afridi | Member |
| 17. | Mr. Mohammad Jamal Ahsan Khan | Member |
| 18. | Mr. Nisar Ahmed | Member |
| 19. | Syed Mohsin Raza Naqvi<br>Minister for Interior and Narcotic Control | *Ex-officio* Member |

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at **'Annexure-'A'**, in its meeting held on 20-5-2026, and recommended that the Bill, as introduced, may be passed by the National Assembly.

Sd/-
**(Saeed Ahmad Maitla)**
Acting Secretary
*Islamabad, the 02nd June, 2026*

Sd/-
**(Raja Khurram Shahzad Nawaz)**
Chairman

**Annexure-A**

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**
**Bill**

*further to amend the Pakistan Penal Code, 1860, and Code of Criminal Procedure (1898)*

WHEREAS it is expedient further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860) and Code of Criminal Procedure, 1898 (Act V of 1898), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follow:-

1. **Short title and commencement**.- (1) This Act may be called the Criminal Law (Amendment) Act, 2026.

2. It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 462A, Act XLV of 1860**.- In the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860), hereinafter referred to as "the said Act", in section 462A,-

(i) in clause (a), after the word "facilities", occurring for the first time, the expression "or by any other means of transportation through land, sea or air" shall be inserted;

(ii) in clause (b), after the word "products". The words "refining and" shall be inserted;

(iii) in clause (e), after the word "in", the expression "refining, processing," shall be inserted;

(iv) in clause (h), after the word "products", the expression "other inflammable petroleum products derived from crude oil", shall be inserted;

(v) for clause (j), the following shall be substituted, namely:-

"(j) "**tampering**" means directly, indirectly, physically or remotely interfering, or creating hindrance in flow, metering, monitoring, control, security, surveillance or regulation of petroleum, by unauthorized entry into metering system or transmission and distribution lines either by breaking the seals or damaging or destructing the same or by any other means including cyber attack or any other electronic or digital means used to interfere in information land communication technology system."; and

(vi) for clause (1), the following, shall be substituted, namely:-

"(1) "transportation" means an activity of transporting petroleum and its products through pipelines and associated facilities or by any other means of transportation through land, sea or air.".

3. **Amendment of section 462B, Act XLV of 1860**, — In the said Act, in section 462B.

(i) in sub-section (1),-

(a) after the words "tampering", occurring for the second time, the expression

"directly, indirectly, physically or remotely" shall be inserted; and

(b) the word "main" shall be omitted; and

(ii) in sub-section (2), -

(a) after the word "who", the expression "directly, indirectly, physically or remotely" shall be inserted;
(b) in clause (a), the word "or" shall be omitted;
(c) in clause (b), for the coma, at the end a semicolon and word "or" shall be substituted;
(d) for the word "ten", the word "thirty" shall be substituted.

4. **Substitution of section 462C, Act XLV of 1860.**— In the said Act, for section 462C, the following shall be substituted, namely:-

"**462C. Dealing in stolen petroleum**.- (1) Whoever directly or indirectly receives, retains, stores, transports, sells or purchases petroleum, stolen from any facility, installation, pipeline of petroleum or from any other means of transportation of petroleum is said to commit the offence of dealing in stolen petroleum and shall be punished with rigorous imprisonment which may extend to fourteen years but shall not be less than seven years and with fine which may may extend to three million Rupees.

(2) Any person who directly or indirectly attempts, aids, abets, counsels or the commission of any offence under sub-section (1) shall be punishable with the same punishment provided for the offence.

(3) Any vehicle, equipment, tools, or other property used in commission of any offence under sub-section (1) shall be forfeited.

(4) The provisions of sub-sections (1), (2) and (3) shall be in addition to, arid not in derogation of, any law for the time being in force."

5. **Amendment of Section 462F, Act XLV of 1860.**—in the said Act, for section 462F, the following shall be substituted, namely:-

"**462F. Damaging or distracting the transmission or transportation lines, etc**.- Any person who damages or destructs any transmission or transportation lines or any other means of transportation by an act of subversion by explosive material or in any other manner so as to disrupt the supply of petroleum shall be punished with imprisonment which may extend to fourteen years but shall not be less than ten years.

with fine which shall not be less than three million Rupees".

6. **Amendment of Schedule II, Act V of 1898.**—In the Code of Criminal Procedure, 1898 (V of 1898), in Schedule II,- in column (1) for the entries relating to section 462B, 462C, and 462F and the corresponding entries relating thereto in columns (2) to (8), the following shall be substituted, namely:

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 462B | Tampering with petroleum pipelines, etc. | May arrest without warrant. | Warrant | Not bailable | Not Compoundable | Rigorous imprisonment which may extend to seven years and fine upto 30 million rupees. | Court of Sessions. |
| 462C | Dealing in stolen petroleum. | Ditto | Ditto | Ditto | Ditto | Rigorous imprisonment which may extend to 14 years but shall not be less than 7 years and with fine which may extend to 3 million rupees. | Court of Sessions. |
| 462F | Damaging or distructing the transmission or transportation on lines, etc. | Ditto | Ditto | Ditto | Ditto | Imprisonment with imprisonment for a term which may extend to 10 years but shall not be less than 7 years. and with fine which shall not be less than 3 million rupees. | Court of Sessions. |

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

International and national studies show growing trend of terrorist attacks on petroleum refineries, installations, storage facilities, and pipelines infrastructure. Recent international research has classified South East Asia as vulnerable being potential target of terrorists. There is credible evidence of a nexus between the oil mafia and terrorists. The illegal proceeds from the crime of oil pilferage and petroleum theft committed by the oil mafia are laundered and used for terror financing.

Until recently, crude oil, high speed diesel and refined petroleum were being transported through these pipelines. Motor Gasoline (Mogas) has now been added and will be transported through the pipeline system. Motor gasoline is extremely volatile, highly inflammable, toxic and explosive. The slightest intrusion into the pipeline system transporting mogas will have disastrous ramifications of catastrophic proportions endangering lives and properties of people dwelling in surrounding areas. An interruption in supply of petroleum will severely affect the national economy and the defence needs.

Pakistan's national pipeline network is vulnerable to both physical and cyberattacks, therefore, the existing provisions in the Pakistan Penal Code, 1860 (Act XLV of 1860) and Code of Criminal Procedure Codes, 1898 (Act V of 1898, require to be extended to oil refineries, petroleum storage facilities, and petroleum pipelines etc., as well as to the acts of dealing in stolen petroleum.

Even otherwise, the proposed amendments are required to be incorporated, in order to fulfil our international commitments:

a) Un Security Council Resolution 2341 (2017), calls on Member State to address the danger to terrorist attacks against critical measures in developing national strategies and policies, in addition to other relevant resolutions; and

b) Un Resolution No. 1373 (2001) that all States shall classify terrorist acts as serious criminal offences in domestic laws and regulations, and calls upon all Member, States to ensure that they have established criminal responsibility for terrorist attacks intended to destroy or disable critical infrastructure, as well as the planning of, training for, and financing of and logistical support for such attacks.

Terrorist attacks around the world have demonstrated that petroleum refineries, storage facilities and pipeline infrastructure are "soft" targets are more vulnerable than ever, which require states to develop actions plans and programs.

This Bill aims to achieve the aforesaid objectives.

Sd/-

**(Syed Mohsin Raza Naqvi)**
Minister for Interior & Narcotics Control

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات، ۳۰ مارچ، ۲۰۲۶ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء اور مجموعہ ضابطہ فوجداری (۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | **چیئرمین** |
| ۲۔ | جناب انجم عقیل خان | رکن |
| ۳۔ | چوہدری نصیر احمد عباس | رکن |
| ۴۔ | سیدہ نوشین افتخار | رکن |
| ۵۔ | ملک شاکر بشیر اعوان | رکن |
| ۶۔ | چوہدری محمد شہباز بابر | رکن |
| ۷۔ | حاجی جمال شاہ کاکڑ | رکن |
| ۸۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۹۔ | سردار نبیل احمد گبول | رکن |
| ۱۰۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۲۔ | خواجہ اظہار الحسن | رکن |
| ۱۳۔ | محترمہ رعنا انصار | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد اعجاز الحق | رکن |
| ۱۵۔ | جناب حسین الہی | رکن |
| ۱۶۔ | جناب شہریار خان آفریدی | رکن |
| ۱۷۔ | جناب محمد جمال احسن خان | رکن |
| ۱۸۔ | جناب نثار احمد | رکن |
| ۱۹۔ | سید محسن رضا نقوی<br>وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۰ مئی، ۲۰۲۶ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں 'منسلکہ۔الف' پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل کو منظور کرے۔

دستخط/۔
**(سعید احمد میتلا)**
قائم مقام سیکرٹری
اسلام آباد، ۲ جون، ۲۰۲۶ء

دستخط/۔
**(راجہ خرم شہزاد نواز)**
چیئرمین

منسلکہ۔الف

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

**مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ءاور مجموعہ ضابطہ فوجداری (۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کا بل**

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے، مجموعہ تعزیرات پاکستان ۱۸۶۰ء (ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ ۵ بابت ۱۸۹۸ء) میں مزید ترمیم کی جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ ایکٹ فوجداری قانون (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم کیا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۴۶۲/الف کی ترمیم۔** مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) میں، بعد ازیں جس کا حوالہ "مذکورہ ایکٹ" کے طور پر دیا گیا ہے، کی دفعہ ۴۶۲/الف میں۔

(اول) شق (الف) میں، پہلی مرتبہ آنے والے لفظ "سہولیات" کے بعد، عبارت "یا زمینی، سمندری یا فضائی ذریعے سے نقل و حمل کے کسی بھی دیگر ذرائع سے" شامل کر دی جائے گی۔

(دوم) شق (ب) میں، لفظ "مصنوعات" کے بعد، الفاظ "ریفائننگ اور" شامل کر دیئے جائیں گے۔

(سوم) شق (ہ) میں، لفظ "میں" کے بعد، عبارت "ریفائننگ، پروسیسنگ (عمل کاری)" شامل کر دی جائے گی۔

(چہارم) شق (ح) میں، عبارت "مصنوعات" کے بعد، عبارت "خام تیل سے نکالی جانے والی دیگر آتش گیر پٹرولیم مصنوعات" شامل کر دی جائے گی۔

(پنجم) شق (ی) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ی) "تحریف کرنا" سے، پٹرولیم کے بہاؤ، میٹرنگ، نگرانی، کنٹرول، سکیورٹی، دیکھ بھال یا اس کے رسدی عمل میں میٹرنگ نظام یا ترسیل اور فراہمی لائنوں میں غیر مجاز طریقے سے، براہ راست، بالواسطہ، عملی طور پر یا دور سے مداخلت کرنا، یا اس میں رکاوٹ پیدا کرنا، خواہ مہروں کو توڑ کر یا کسی دیگر طریقے سے مذکورہ کو نقصان پہنچانا یا اس کو تباہ کرنا یا اس کے معلوماتی اور مواصلاتی ٹیکنالوجی کے نظام میں بشمول سائبر اٹیک کر کے یا کسی دیگر الیکٹرانک یا ڈیجیٹل طریقہ کار کو استعمال کر کے مداخلت کرنا، مراد ہے۔"؛ اور

(ششم) شق (ل) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(ل) "نقل و حمل" سے پٹرولیم اور اس کی مصنوعات کی نقل و حمل کی کوئی سرگرمی مراد ہے جو پائپ لائنوں اور متعلقہ سہولیات کے ذریعے سے ہو یا زمینی، سمندری یا فضائی ذریعے سے نقل و حمل کے کسی بھی دیگر ذرائع کے توسط سے ہو۔"۔

۳۔ **ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۴۶۲ب کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴۶۲ب میں۔

(اول) ذیلی دفعہ (۱) میں۔

(الف) دوسری مرتبہ آنے والے لفظ "تحریف کرنا" کے بعد، الفاظ اور سکتے "براہ راست، بالواسطہ، عملی طور پر یا دور سے" شامل کر دیے جائیں گے؛ اور

(ب) لفظ "مرکزی" کو حذف کر دیا جائے گا؛ اور

(دوم) ذیلی دفعہ (۲) میں۔

(الف) لفظ "جو" کے بعد، الفاظ اور سکتے "براہ راست، بالواسطہ، عملی طور پر یا دور سے" شامل کر دیئے جائیں گے۔

(ب) شق (الف) میں، لفظ "یا" کو حذف کر دیا جائے گا؛

(ج) شق (ب) میں، آخر میں، سکتے کو نیم شرحہ اور لفظ "یا" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(د) لفظ "دس" کو لفظ "تیس" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۴۔ **ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۴۶۲ج کی تبدیلی۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴۶۲ج کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**"۴۶۲ج۔ چوری شدہ پٹرولیم کا لین دین کرنا:** (۱) جو کوئی بھی شخص بلا واسطہ یا بالواسطہ طور پر پٹرولیم کی کسی بھی سہولت، تنصیب، پائپ لائن سے یا پٹرولیم کی نقل و حمل کے کسی بھی دیگر ذرائع سے پٹرولیم مواد حاصل کرتا ہے، اس کو اپنی تحویل میں رکھتا ہے، ذخیرہ کرتا ہے، اس کی نقل و حمل کرتا ہے، اس کو فروخت کرتا ہے یا اس کو خریدتا ہے تو کہا جائے گا کہ اس نے چوری کے پٹرولیم کے لین دین کے جرم کا ارتکاب کیا ہے اور قید بامشقت کی سزا کا مستوجب ہو گا جو چودہ سال تک ہو سکے گی لیکن سات سال سے کم نہ ہو گی اور جرمانہ جو تین ملین روپے تک ہو سکے گا۔

(۲) کوئی بھی شخص جو ذیلی دفعہ (۱) کے تحت بلا واسطہ یا بالواسطہ طور پر کسی بھی جرم کی کوشش کرتا ہے، معاونت کرتا ہے، اعانت کرتا ہے، مشورہ دیتا ہے یا ارتکاب کرتا ہے تو وہ اس جرم کے لیے فراہم کردہ اسی سزا کا مستوجب ہو گا۔

(۳) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت کسی بھی جرم کے ارتکاب میں استعمال شدہ کوئی بھی گاڑی، سامان، آلات، یا دیگر املاک ضبط کر لیا جائے گا۔

(۴) ذیلی دفعات (۱)، (۲) اور (۳) کے احکامات فی الوقت نافذ العمل کسی بھی قانون میں، اضافی ہوں گے، اور اس سے متناقص نہیں ہوں گے"۔

۵۔ **ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء کی دفعہ ۴۶۲و کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۴۶۲و کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**"۴۶۲و۔ ترسیل یا نقل و حمل لائنوں، وغیرہ کو نقصان پہنچانا یا اس میں رکاوٹ ڈالنا۔** کوئی بھی شخص جو کسی ترسیلی یا رسدی لائنوں یا نقل و حمل کے کسی دیگر ذرائع کو بذریعہ دھماکہ خیز مواد، تخریب کاری کے فعل کے ذریعے یا کسی دیگر طریقے سے پٹرولیم کی ترسیل میں تعطل پیدا کرنے کے لیے ان کو نقصان پہنچاتا ہے یا اس میں رکاوٹ ڈالتا ہے تو قید کی سزا کا مستوجب ہو گا جو چودہ سال تک ہو سکے گی لیکن دس سال سے کم نہ ہو گی بمعہ جرمانہ جو تین ملین روپے سے کم نہ ہو گا"۔

۶۔ **ایکٹ ۵ بابت ۱۸۹۸ء کے، جدول دوم کی ترمیم۔** مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (نمبر ۵ بابت ۱۸۹۸ء) کے، جدول دوم کے، کالم (۱) میں دفعات ۴۶۲ب، ۴۶۲ج، اور ۴۶۲و سے متعلقہ اندراجات اور کالم (۲) تا (۸) میں اُس سے متعلقہ اندراجات کے مد مقابل کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۶۲ب | پٹرولیم پائپ لائنوں وغیرہ کے ساتھ تحریف کرنا | بلا وارنٹ گرفتار کیا جا سکے گا | وارنٹ | نا قابل ضمانت | نا قابل مصالحت | قید بامشقت جو ۷ سال تک ہو سکے گی اور ۳۰ ملین روپے تک جرمانہ | سیشن عدالت |
| ۴۶۲ج | چوری شدہ پٹرولیم کا لین دین کرنا | ایضاً | ایضاً | ایضاً | ایضاً | قید بامشقت جو ۱۴ سال تک ہو سکے گی لیکن ۷ سال سے کم نہ ہو گی اور بمعہ جرمانہ جو ۳ ملین روپے تک ہو سکے گا۔ | سیشن عدالت |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴۶۲و | ترسیلی یا نقل و حمل لائنوں کو نقصان پہنچانا | ایضاً | ایضاً | ایضاً | ایضاً | سزائے قید جس کی میعاد ۱۰ سال تک ہو سکے گی لیکن ۷ سال سے کم نہ ہو گی اور بمعہ جرمانہ جو ۳ ملین روپے سے کم نہ ہو گا | سیشن عدالت |

## بیانِ اغراض ووجوہ

بین الاقوامی اور قومی مطالعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ پٹرولیم ریفائنریوں، تنصیبات، ذخیرہ کرنے کی سہولیات اور پائپ لائنوں کے بنیادی ڈھانچے پر دہشت گردی کے حملوں کے رجحان میں اضافہ ہوا ہے۔ حالیہ بین الاقوامی تحقیق کے مطابق جنوبی مشرقی ایشیاء کو دہشت گردوں کے ممکنہ ہدف کے طور پر غیر محفوظ علاقہ قرار دیا گیا ہے۔ اس امر کے قابل اعتماد شواہد موجود ہیں کہ آئل مافیا اور دہشت گردوں کے درمیان گہرے گٹھ جوڑ ہیں۔ آئل مافیا کی جانب سے ارتکاب کردہ تیل کی چوری اور پٹرولیم کی غیر قانونی نکاسی سے حاصل ہونے والی غیر قانونی آمدنی کو دہشت گردی کی مالی معاونت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

کچھ عرصہ قبل تک، ان پائپ لائنوں کے ذریعے سے خام تیل، ہائی اسپیڈ ڈیزل اور ریفائن شدہ پٹرولیم کی ترسیل ہو رہی تھی۔ اب موٹر گیسولین (Mogas) کو بھی اس نظام میں شامل کر لیا گیا ہے اور اس کو بھی پائپ لائنوں کے نظام کے ذریعے ترسیل کیا جائے گا۔ موٹر گیسولین ایک انتہائی آتش گیر، زہریلا اور دھماکہ خیز مواد ہے۔ موٹر گیسولین کی پائپ لائنوں کے نظام میں معمولی سی غلطی بھی قرب وجوار میں رہنے والے رہائشی لوگوں کی جان ومال کے لیے خطرے کا باعث بن سکتی ہے۔ پٹرولیم کی ترسیل میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ قومی معیشت اور دفاعی ضروریات پر سنگین اثرات مرتب کرے گی۔

پاکستان کا قومی پائپ لائن نیٹ ورک دونوں عملی اور سائبر حملوں کے خطرات سے دوچار ہے، لہذا مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء (ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء) اور مجموعہ ضابطہ فوجداری، ۱۸۹۸ء (ایکٹ ۵ بابت ۱۸۹۸ء) کے موجودہ احکامات کو تیل کی ریفائنریوں، پٹرولیم مواد ذخیرہ کرنے کی سہولیات اور پٹرولیم پائپ لائنوں وغیرہ، کے ساتھ ساتھ چوری شدہ تیل کی لین دین کے افعال تک توسیع دینے کی ضرورت ہے۔

بہر حال ہمیں یہ مجوزہ ترامیم لازمی طور پر کرنی ہوں گی، تاکہ اپنے بین الاقوامی وعدوں کو پورا کیا جا سکے:

(الف) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد نمبر ۲۳۴۱ (۲۰۱۷ء)، جو رکن ریاستوں سے اہم تنصیبات کے خلاف دہشت گردی کے حملوں کے خطرے سے نبرد آزما ہونے اور دیگر متعلقہ قراردادوں کے علاوہ، قومی حکمت عملیوں اور پالیسیوں کو فروغ دینے کے اقدامات کرنے کا مطالبہ کرتی ہے؛ اور

(ب) اقوام متحدہ کی قرارداد نمبر ۱۳۷۳ (۲۰۰۱ء) جو اس امر پر زور دیتی ہے کہ تمام رکن ریاستیں اپنے ملکی قوانین اور ضوابط میں دہشت گردی کی کارروائیوں کو سنگین مجرمانہ جرم قرار دیں، اور یہ رکن ریاستوں سے پر زور مطالبہ کرتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ وہ دہشت گردی کے حملوں جن کا مقصد اہم بنیادی ڈھانچے کو تباہ یا اس کو غیر فعال کرنا ہے، اس کے ساتھ ساتھ ایسے حملوں کی منصوبہ بندی، اس کے لیے تربیت اور رسدی معاونت کرنا ہے، کے لیے ان کی مجرمانہ ذمہ داری کا تعین کریں۔

دنیا بھر میں ہونے والے دہشت گردی کے حملوں نے اس امر کو ثابت کیا ہے کہ پٹرولیم ریفائنریز، پٹرولیم مواد ذخیرہ کرنے کی سہولیات اور بنیادی پائپ لائن ڈھانچہ پہلے سے کہیں زیادہ "آسان" اہداف ہیں، جس کے لیے ریاستوں کو لائحہ عمل اور پروگرام مرتب کرنے کی ضرورت ہے۔

اس بل کا مقصد مذکورہ بالا مقاصد کا حصول ہے۔

دستخط/-

(سید محسن رضا نقوی)

وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات